رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2021-2019 تا 2023-2021)

اردو (لازمی) — 223 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) — (پہلا گروپ) — کل نمبر : 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

کتنا اونچا لے گیا جینے کا معیار آدمی — زندگی نیچے کہیں منہ دیکھتی ہی رہ گئی
قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھدار آدمی — عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی — کھلتے ہیں غلاموں پر اَسرارِ شہنشاہی
عطّار ہو ، رومی ہو ، رازی ہو ، غزالی ہو — کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی
نومید نہ ہو اِن سے ، اے رہبرِ فرزانہ ! — کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

## ( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) اقبالؒ نے آ کر اسلامی و مغربی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا ، جس کا مقصد کامل‌ترین انسان کی انفرادی و اجتماعی نشوونما ہے۔ اقبالؒ کا خیال ہے کہ انسان اطاعت ، ضبطِ نفس اور نیابت الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔ اس ارتقا میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔

3۔ (ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنٹر پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں ، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں ، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدرآباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔ یہ قصہ عجیب ہے ، سپاہی نیزہ بازی کے کرتب دکھا رہے تھے ان کی بھی طبیعت لہرائی۔ گھوڑے پر سوار ہو کے نیزہ تانا اور آن کی آن میں میخ اکھیڑ لی۔ ہر طرف سے تحسین و آفرین کا غلغلہ ہوا اور اُن کی خدمات فوج کے صیغے میں منتقل کر دی گئیں ، لیکن افسرالملک سے نباہ نہ ہو سکا ، اس لیے استعفا دے دیا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ ۔ (ب) مولوی نذیر احمد دہلوی ۔

5۔ اسرارالحق مجاز کی نظم ”نوجوان سے خطاب“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) رحمۃ اللعالمین ﷺ ۔

(ب) تعلیم نسواں ۔

(ج) دہشت گردی ایک ناسور

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10